## سوال

(513) عورت کے ذبح کیے ہوئے جانور کا گوشت کھانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مرد کیلئے یہ جائز ہے کہ وہ عورت کے ذبح کیے ہوئے جانور کا گوشت کھائے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں یہ جائز ہے کہ مسلمان اس جانور کا گوشت کھائے جسے کسی عورت نے ذبح کیا ہو بشرطیکہ وہ جانور ایسا ہو جسے شریعت نے حلال قرار دیا ہو کیونکہ اشیاء میں اصل اباحت ہے اور پھر امام بخاریؒ نے حضرت کعب بن مالکؓ سے روایت کیا ہے ''ایک عورت نے ایک بکری کو پتھر کے ساتھ ذبح کیا تھا' نبی اکرم ﷺ سے جب اس کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے حکم دیا کہ اسے کھالیا جائے''۔

دیکھئے : صحیح البخاری' الذبائح' باب ما انہر الدم من القصب والمروۃ والحدید' حدیث ۵۵۰۴ وسنن ابن ماجۃ' الذبائح' باب ذبیحۃ المراۃ حدیث ۳۱۸۲۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

# ج3ص476

محدث فتویٰ